DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

فرسٹ الیون ٹیموں کی دوسری کوویڈ 19 ٹیسٹنگ پر اپ ڈیٹ

لاہور،19 ستمبر 2020ء:

پہلے کوویڈ19 ٹیسٹ منفی آنے کے بعد چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کے تمام کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کے دوسرے کوویڈ19 ٹیسٹ بھی منفی آئے ہیں۔ مسلسل 2 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے کے بعد اب یہ تمام کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے لیے ملتان میں بنائے گئے بائیو سیکیور ببل کا حصہ بن جائیں گے، جہاں انہیں آپس میں ملنے جلنے کی مکمل آزادی ہوگی۔

اٹھارہ ستمبر کو لیے گئے دوسرے کوویڈ19 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے کے بعد مرید کے کنٹری کلب لاہور کے سنٹرل اسٹیشن پر موجود بلوچستان اور سندھ کے اسکواڈز آج ملتان کے رمادا ہوٹل پہنچ جائیں گے، جہاں وہ 30 ستمبر سے شروع ہونے والے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کی تیاریوں کا آغاز کریں گے۔ اُدھر سنٹرل پنجاب، خیبر پختونخوا، ناردرن اور سدرن پنجاب کے اسکواڈز پہلے سے ہی ملتان میں موجود ہیں۔

دونوں ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے کے بعد چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کے فرسٹ الیون اسکواڈز میں شامل کرکٹرز اور اسپورٹ اسٹاف اب 20 ستمبر سے اپنی ٹریننگ اور نیٹ پریکٹس کا آغاز کردیں گے۔

کوویڈ19 پروٹوکولز اور مختلف اوقات کار کی وجہ سے ان اسکواڈز کی ٹریننگ کے لیے 2 وینیوز بنائے گئے ہیں۔ ان وینیوز میں ملتان کرکٹ اسٹیڈیم اور انضمام الحق ہائی پرفارمنس سنٹر شامل ہیں۔

تاہم سنٹرل پنجاب کے وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل نے چندروز تاخیر سے بائیو سیکیور ببل جوائن کرنے کی درخواست کی تھی۔ کامران اکمل کا دوسرا کوویڈ19 ٹیسٹ 23 ستمبر کو ہوگا، جس کی رپورٹ منفی آنے پر انہیں ملتان میں بنائے گئے بائیو سیکیور ببل

جوائن کرنے کی اجازت ہوگی۔اس سے قبل دیگر 102 کھلاڑیوں کی طرح کامران اکمل کے پہلے ٹیسٹ کی رپورٹ بھی منفی آئی تھی۔

دوسری جانب کوویڈ19 کے پروٹوکولز کی خلاف ورزی کرنے پر بلوچستان کے ہیڈ کوچ فیصل اقبال اور اسسٹنٹ کوچ وسیم حیدر اب مزید 5 روز کنٹری کلب مریدکے میں سیلف آئسولیشن میں رہیں گے۔اس دوران ان دونوں کوچز کے 2 کوویڈ19 ٹیسٹ ہوں گے، جس کی رپورٹ منفی آنے پر انہیں بائیو سیکیور ببل میں داخلے کی اجازت دی جائے گی۔کوویڈ19 پروٹوکولز کی خلاف ورزی کے بعد ان دونوں کوویڈ19 ٹیسٹ کے اخراجات فیصل اقبال اور وسیم حیدر کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔

ڈاکٹر ریاض احمد، سربراہ پی سی بی کوویڈ19 میڈیکل ٹیم :

پی سی بی کوویڈ19 میڈیکل ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر ریاض احمد کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن برائے 21-2020 کے لیے اعلان کردہ کوویڈ19 پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کا عزم کررکھا ہے اور اس کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ تمام اسکواڈز کو کوویڈ19 کے پروٹوکولز پر بریفنگ کے باوجود فیصل اقبال اور وسیم حیدر کا خلاف ورزی کرنا افسوسناک ہے تاہم اس عمل سے بائیو سیکیور ببل میں رہنے والے تمام افراد کو ایک بار پھر واضح پیغام مل گیا ہے کہ پی سی بی کوویڈ19 کے پروٹوکولز پر زیرو ٹولیرنس پالیسی اپنائے ہوئے ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے تاہم پی سی بی کو اندازہ ہے کہ ان غیر معمولی حالات میں ہمیں مختلف چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا، جس سے نمٹنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز سے تعاون کی درخواست ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4